© rasailojaraid.com



مخمس لکھے ہیں جن میں ردیف کی تکرار سے پیدا ہونے والا آہنگ تاثر کو مزید گہرا کر دیتا ہے۔

پروفیسر نذیر احمد تشنہ صاحب نے ۲۸ منتخب نظموں کے مشکل الفاظ کے معانی دیے ہیں اور اشعار کی شرح بھی کی ہے۔ تشریح میں انھوں نے ہر نظم کا اخلاقی پہلو اُجاگر کیا ہے۔ نظیر اکبر آبادی کے مطالعے اور تفہیم کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔(رفیع الدین ہاشمی)

## تعارف کتب

⊙ **نور القرآن حکیم**،(پارہ الم، پارہ عم)، مرتبہ: جنید قرنی۔ ناشر: ادارہ تعلیم القرآن، ۱۹-سی، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۳۵۲۵۲۲۷۶-۰۴۲۔ صفحات (علی الترتیب): ۴۰، ۴۶۔ ہدیہ: درج نہیں۔[تجوید قرآنی کے اصول مع گرامر، یعنی اسم، فعل، حرف اور اسم ضمیر کا اظہار مختلف رنگوں کی مدد سے۔ لفظی اور آسان رواں ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ فہمِ قرآن اور عربی کی استعداد پیدا کرنے کے لیے مفید رہنمائی۔ اپنی نوعیت کا منفرد کام۔]

⊙ **اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ**، مرتبین: ڈاکٹر رخسانہ جبین، افشاں نوید، صائمہ اسما۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز، ۲۳-راحت مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۳۰۰-۴۷۴۵۷۲۹۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: ۲۵ روپے۔ [حضرت عائشہ صدیقہؓ کی سیرت اور دینی و علمی خدمات کا اختصار و جامعیت سے تذکرہ اور اُمت کے لیے مثالی کردار (رول ماڈل)۔ نبی کریمؐ کی عائلی زندگی اور ایک مثالی بیوی کے اسوہ کے ساتھ ساتھ خاندانی زندگی میں اہلِ ایمان کے رویوں کا جائزہ اور عملی رہنمائی۔ قرآن و حدیث کے علاوہ طب، تاریخ، ادب، خطابت، شاعری اور تعلیم و تدریس کے حوالے سے سیّدہ عائشہؓ کا منفرد کردار، نیز ان کا قائدانہ کردار بھی زیرِ بحث آیا ہے۔]

⊙ **دورِ نبوت میں شادی بیاہ کے رسم و رواج اور پاکستانی معاشرہ**، گلریز محمود۔ ناشر: الائیڈ بک سنٹر، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۲۵۴۵۱۔ صفحات: ۳۱۵۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔[پاکستانی معاشرے کی بنیاد اسلامی تہذیب پر ہے مگر برعظیم میں صدیوں تک غیر مسلموں کے ساتھ میل جول کی وجہ سے، ہمارے ہاں بہت سی غیر اسلامی رسومات در آئی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں ان رسوم و رواج کا اسلامی نقطۂ نظر سے جائزہ لیا گیا ہے۔ پس منظر کے طور پر دورِ جاہلیّت کے نکاح، عربوں کے ہاں شادی بیاہ کی رسوم، اسلام کی اصلاحات، نکاح، رخصتی وغیرہ کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ بحیثیتِ مجموعی کتاب خاصی محنت اور کاوش سے مرتب کی گئی ہے۔]

⊙ **حج و عمرہ، گھر سے گھر تک**، سیّد عبدالماجد۔ ملنے کا پتا: قرآن آسان تحریک، ۵۰-لوئر مال، نزد ایم اے او کالج، لاہور۔ فون: ۳۷۲۴۲۲۶۵-۰۴۲۔ صفحات: ۱۵۹۔ قیمت: درج نہیں۔[عازمینِ حج و عمرہ مناسک کے بارے میں پوری طرح باخبر نہیں ہوتے، لہٰذا انھیں عملی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ مذکورہ کتاب میں گھر سے روانگی سے لے کر ادائیگی حج و عمرہ اور گھر واپسی تک کے تمام مراحل کے بارے میں قدم بہ قدم رہنمائی دی گئی ہے۔ فضائل حج و عمرہ، آدابِ سفر، اخلاقی اقدار اور عملی مسائل کی نشان دہی بھی کر دی گئی ہے۔ یہ ایک مفید گائیڈ بک ہے۔]

© rasailojaraid.com